[Published in the Gazette of Pakistan, Extraordinary, Part-1,

dated the 21st January, 2021]

ORDINANCE NO. II OF 2021

AN

ORDINANCE

further to amend the Income Tax Ordinance, 2001

WHEREAS it is expedient further to amend the Income Tax Ordinance, 2001 (XLIX of 2001) for the purposes hereinafter appearing;

AND WHEREAS, the Senate and the National Assembly are not in session and the President of the Islamic Republic of Pakistan is satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action;

NOW, THEREFORE, in exercise of the powers conferred by clause (1) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President of the Islamic Republic of Pakistan is pleased to make and promulgate the following Ordinance:—

1. **Short title and commencement.**— (1) This Ordinance may be called the Income Tax (Amendment) Ordinance, 2021.

(2) It shall come into force on and from the first day of January, 2021.

2. **Amendments in the Income Tax Ordinance, 2001 (Ordinance XLIX of 2001).**— In the Income Tax Ordinance, 2001 (XLIX of 2001), the following further amendments shall be made, namely:—

(1) in section 100D,—

(a) for the expression "30th day of September, 2022", wherever occurring except for clause (a) of sub-section (4), the expression "30th day of September, 2023" shall be substituted;

(b) in sub-section (1), in clause (b), in the proviso, after the figure "2019", the expression "or tax year 2020, as the case may be" shall be inserted;

(c) in sub-section (3),—

(i) for the expression "31st day of December, 2020", wherever occurring, the expression "30th day of June, 2021" shall be substituted; and

(ii) in clause (c), after the word "portal", the expression "by 30th day of June, 2021" shall be added;

(d) in sub-section (4),—

(i) in clause (a), for the expression "30th day of September, 2022", wherever occurring, the expression "31st day of March, 2023" shall be substituted;

(ii) in clause (b),—

(I) in sub-clauses (i) and (ii), for the expression "31st day of December, 2020", wherever occurring, the expression "30th day of June, 2021" shall be substituted respectively; and

(II) in sub-clause (iii), for the expression "31st day of December, 2020", the expression "31st day of December, 2021" shall be substituted;

(e) in sub-section (9),—

(i) for the expression "31st day of December, 2020", wherever occurring, the expression "31st day of December, 2021" shall be substituted; and

(ii) in clause (d), in sub-clause (iv), after the figure "2019", the expression "or tax year 2020 at the option of the taxpayer" shall be added;

(2) in section 120,—

(a) in sub-section (1),—

(i) in clause (a), the expression ", equal to the respective amounts adjusted under sub-section (2A)" shall be omitted;

(ii) in clause (b),—

(I) for the expression "adjustments were made under sub-section (2A)", the expression "return was furnished" shall be substituted; and

(II) for the full stop at the end a colon shall be substituted and thereafter the following new provisos shall be added, namely:—

"Provided that until the date specified under the fourth proviso to sub-section (2A) is notified, this sub-section shall be in force as if sub-section (2A) is not in operation:

Provided further that once the date under the fourth proviso to sub-section (2A) is notified, clauses (a) and (b) shall only apply when the provisions of sub-section (2A), if invoked, are first complied with:

Provided further once compliance is made under the second proviso,—

(i) the adjusted amount under sub-section (2A) shall be construed to be the tax payable and due under clause (a);

(ii) the date of the compliance under sub-section (2A) shall be the date for the purposes of clause (b).";

(b) in sub-section (2A), in clause (iv), in the third proviso, for the full stop at the end, a colon shall be substituted and thereafter the following new proviso shall be added, namely:—

"Provided also that the provisions of this sub-section shall apply from the date notified by the Federal Board of Revenue in the official Gazette.";

(3) in the Eleventh Schedule,—

(a) in rule 2, in sub-rule (2), in clause (b),—

(i) for the word, "two", the word "three" shall be substituted;

(ii) for the first proviso, the following shall be substituted, namely:—

"Provided that in case of existing incomplete projects, the estimated project life shall be treated as four years maximum from tax year 2020 through tax year 2023 and the tax payable shall be reduced by the percentage of completion up to the last day of accounting period pertaining to tax year 2019 or tax year 2020 as declared in the registration form."; and

(iii) second proviso shall be omitted;

(b) in rule 3,—

(i) in sub-rule (1), for the expression "31st day of December, 2020", the expression "31st day of December, 2021" shall be substituted;

(ii) in clause (a), in the proviso, for the semi colon and the word "and", a colon shall be substituted and thereafter the following new proviso shall be added, namely:—

"Provided further that where benefit of sub-section (3) of section 100D is required to be claimed by builder or developer, the project shall be registered latest by 30th day of June, 2021; and";

(c) in rule 8, in clause (c), for the expression "31st day of December, 2020", the expression "30th day of June, 2021" shall be substituted; and

(d) in rule 9, in sub-rule (1), in clause (d), in sub-clause (ii), in the proviso, for the expression "31st day of December, 2020", the expression "31st day of December, 2021" shall be substituted.

STATEMENT OF OBJECT AND REASONS

The purpose of this bill is to lay the Tax Laws (Amendment) Ordinance, 2021 (I of 2021) in the National Assembly under sub-paragraph (i) of paragraph (a) of clause (2) of Article 73 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973.

2. The amendments are being introduced with immediate effect through promulgation of the Ordinance in order to mitigate the detrimental economic impact of the COVID-19 pandemic by promoting resumption of activity in the construction sector and a multitude of allied industries, protecting the poor and vulnerable segments of society most severely impacted by COVID-19 by generating employment opportunities including blue collar workers and daily wagers, promoting the initiation of low cost housing projects in order to provide affordable housing to the under privileged strata of society and augmenting efforts aimed at economic growth and development.

3. The Ordinance seeks to amend the Finance Act, 2020 and the Income Tax Ordinance, 2001.

(Dr. Abdul Hafeez Shaikh)
Minister for Finance & Revenue

[جریدہ پاکستان، غیر معمولی، حصہ اول، مورخہ 21/ جنوری، 2020ء میں شائع ہوا]

آرڈیننس نمبر ۲ مجریہ ۲۰۲۱ء

محصول آمدن آرڈیننس، ۲۰۰۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا آرڈیننس

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے محصول آمدن آرڈیننس، ۲۰۰۱ء (نمبر ۴۹ مجریہ ۲۰۰۱ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

اور چونکہ، سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس نہیں ہو رہے ہیں اور صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کو اطمینان حاصل ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جن کی بناء پر فوری کارروائی کرنا ضروری ہے؛

لہٰذا، اب، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۱) کی رو سے حاصل شدہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان نے حسبِ ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ آرڈیننس محصول آمدن (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور اور یکم جنوری، ۲۰۲۱ء سے نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **محصول آمدن آرڈیننس، ۲۰۰۱ء (نمبر ۴۹ مجریہ ۲۰۰۱ء) میں ترامیم:۔** محصول آمدن آرڈیننس، ۲۰۰۱ء (نمبر ۴۹ مجریہ ۲۰۰۱ء) میں، حسبِ ذیل مزید ترامیم وضع کیں جائیں گی، یعنی:۔

(۱) دفعہ ۱۰۰ میں،۔

(الف) عبارت ''۳۰ ستمبر، ۲۰۲۲ء''، ذیلی دفعہ (۴) کی شق الف کے سوائے جہاں کہیں بھی آرہی ہو کو عبارت ''۳۰ ستمبر، ۲۰۲۳ء'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ب) ذیلی دفعہ (۱) کی، شق (ب) میں، فقرہ شرطیہ میں، ہندسہ ''۲۰۱۹ء'' کے بعد، عبارت ''یا سال محصول ۲۰۲۰ء، جیسی بھی صورت ہو'' شامل کر دی جائے گی؛

(ج) ذیلی دفعہ (۳) میں،۔

(اوّل) عبارت ''۳۱ دسمبر، ۲۰۲۰ء''، جہاں کہیں بھی آرہی ہو، کو عبارت ''۳۰ جون، ۲۰۲۱ء'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(دوم) شق (ج) میں، لفظ ''پورٹل'' کے بعد، عبارت ''۳۰ جون، ۲۰۲۱ء کے ذریعے'' کا اضافہ کر دیا جائے گا؛

(د) ذیلی دفعہ (۴) میں،۔

(اوّل) شق (الف) میں، عبارت ''۳۰ ستمبر، ۲۰۲۲ء''، جہاں کہیں بھی آ رہی ہو، کو عبارت ''۳۱ مارچ، ۲۰۲۳ء'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(دوم) شق (ب) میں،۔

(ایک) ذیلی شقات (اوّل) اور (دوم) میں، عبارت ''۳۱ دسمبر، ۲۰۲۰ء''، جہاں کہیں بھی آ رہی ہو، کو عبارت ''۳۰ جون، ۲۰۲۱ء'' سے بالترتیب تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(دو) ذیلی شق (سوم) میں، عبارت ''۳۱ دسمبر، ۲۰۲۰ء''، کو عبارت ''۳۱ دسمبر، ۲۰۲۱ء'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ہ) ذیلی دفعہ (۹) میں،۔

(اوّل) عبارت ''۳۱ دسمبر، ۲۰۲۰ء''، جہاں کہیں بھی آ رہی ہو، کو عبارت ''۳۱ دسمبر، ۲۰۲۱ء'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(دوم) شق (د) میں، ذیلی شق (چہارم) میں، ہندسہ ''۲۰۱۹ء'' کے بعد، عبارت ''یا محصول دہندہ کے اختیار پر سال محصول ۲۰۲۰ء'' کا اضافہ کر دیا جائے گا؛

(۲) دفعہ ۱۲۰ میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں،۔

(اوّل) شق (الف) میں، عبارت ''، ذیلی دفعہ (۲الف) کے تحت تسویہ شدہ متعلقہ رقوم کے مساوی'' حذف کر دی جائے گی؛

(دوم) شق (ب) میں،۔

(ایک) عبارت ''ذیلی دفعہ (۲الف) کے تحت وضع کیے گئے تسویہ جات''، عبارت ''گوشوارہ فراہم کیا گیا'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(دوم) آخر میں آنے والے ختمہ کو رابطہ سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد درج ذیل نئے فقرہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''مگر شرط یہ ہے کہ جب تک ذیلی دفعہ (۲الف) کے فقرہ شرطیہ چہارم کے تحت مخصوص کردہ تاریخ مشتہر نہیں کر دی جاتی، اس ذیلی دفعہ کا اطلاق ہوگا جب تک کہ ذیلی دفعہ (۲الف) کا نفاذ نہ ہو:

مزید شرط یہ ہے کہ ذیلی دفعہ (۲الف) کے فقرہ شرطیہ چہارم کے تحت ایک دفعہ تاریخ مشتہر کر دی جاتی ہے تو شقات (الف) اور (ب) کا اطلاق صرف اس وقت ہوگا جب ذیلی دفعہ (۲الف) کے فقرہ شرطیہ، اگر عمل میں لایا جائے، کی پہلے تعمیل کی جائے:

مزید شرط یہ ہے کہ فقرہ شرطیہ دوم کے تحت ایک دفعہ تعمیل کی جائے تو،۔۔۔

(اوّل) ذیلی دفعہ (۲الف) کے تحت تطبیقی رقم کو ذیلی شق (الف) کے تحت واجب الاداء ٹیکس اور واجبات کے ساتھ ترتیب دیا جائے گا؛

(دوم) ذیلی دفعہ (۲الف) کے تحت تعمیل کی تاریخ، شق (ب) کی اغراض کے لئے تاریخ ہوگی''؛

(ب) ذیلی دفعہ (۲الف) میں، شق چہارم میں، فقرہ شرطیہ سوئم میں، آخر میں آنے والے ختمہ کو رابطہ سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد درج ذیل نئے فقرہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

مگر شرط یہ بھی ہے کہ اس ذیلی دفعہ کے فقرہ شرطیہ کا اطلاق سرکاری جریدے میں وفاقی بورڈ برائے محصولات کی جانب سے مشتہر کردہ تاریخ سے ہوگا؛

(۳) جدول گیارہ میں،۔۔۔

(الف) قاعدہ ۲ میں، ذیلی قاعدہ (۲) میں، شق (ب) میں،۔

(اوّل) لفظ ''دو'' کو لفظ ''تین'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(دوم) پہلے فقرہ شرطیہ کو، درج ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''مگر شرط یہ ہے کہ موجودہ نامکمل منصوبہ جات کی صورت میں، تخمینہ شدہ منصوبے کی مدت کو سال محصول ۲۰۲۰ء سے سال محصول ۲۰۲۳ء از اوّل تا آخر زیادہ سے زیادہ چار سال تک شمار کیا جائے گا اور قابل ادا شدہ محصول کو

سال محصول ۲۰۱۹ء یا سال محصول ۲۰۲۰ء جیسا کہ رجسٹریشن فارم میں بیان کیا گیا ہو، سے متعلقہ حسابی مدت کے آخری دن تک مکمل ہونے کی شرح فیصد کے ذریعے سے کم کیا جائے گا؛ اور

(سوم) فقرہ شرطیہ دوم کو حذف کر دیا جائے گا؛

(ب) قاعدہ ۳ میں،۔

(اوّل) ذیلی قاعدہ (۱) میں، عبارت ''۳۱ دسمبر، ۲۰۲۰ء'' کو عبارت ''۳۱ دسمبر، ۲۰۲۱ء سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(دوم) شق (الف) میں، فقرہ شرطیہ میں، وقفہ اور لفظ ''اور'' کو رابطہ سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد درج ذیل نئے فقرہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

مزید شرط یہ ہے کہ جہاں بلڈر یا ڈویلپر کی جانب سے دفعہ ۱۰۰ا کی ذیلی دفعہ (۳) کے تحت مفاد کا دعویٰ کیا جانا مطلوب ہو تو منصوبے کو ۳۰ جون، ۲۰۲۱ء تک رجسٹرڈ کیا جائے گا؛ اور

(ج) قاعدہ ۸ میں، شق (ج) میں، عبارت ''۳۱ دسمبر، ۲۰۲۰ء کو عبارت ''۳۰ جون، ۲۰۲۱ء سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(د) قاعدہ ۹ میں، ذیلی قاعدہ (الف) میں، شق (د) میں، ذیلی شق (دوم) میں، فقرہ شرطیہ میں، عبارت ''۳۱ دسمبر، ۲۰۲۰ء کو عبارت ''۳۱ دسمبر، ۲۰۲۱ء'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

بیان اغراض و وجوہ

بل ہذا کا مقصد اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور، ۱۹۷۳ء کے آرٹیکل ۷۳ کی شق (۲) کے پیرا (الف) کے ذیلی پیرا (i) کے تحت ٹیکس قوانین (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۱ء (بابت، ۲۰۲۱ء) کو قومی اسمبلی میں رکھنا ہے۔

۲۔ آرڈیننس کے نفاذ کے ذریعے فوری نافذ العمل ترامیم پیش کی جا رہی ہیں تا کہ تعمیراتی شعبے اور دیگر جملہ شراکتی صنعتوں میں کام کے دوبارہ آغاز، جسمانی مشقت کرنے والے ورکروں اور یومیہ اجرت کرنے والوں سمیت ملازمت کے مواقع پیدا کرتے ہوئے غریب اور کووڈ۔۱۹ سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے معاشرے کے خطرے سے دوچار طبقات کی حفاظت، معاشرے کے محروم طبقات کو سستے گھر فراہم کرنے کے لیے کم قیمت ہاؤسنگ منصوبوں کے آغاز کے فروغ اور معاشی نمو و ترقی پر توجہ مرکوز کرنے کی مزید کاوشوں کے ذریعے کووڈ۔۱۹ کے معیشت پر منفی اثرات کو کم کیا جائے۔

۳۔ آرڈیننس کا مقصد فنانس ایکٹ، ۲۰۲۰ء اور انکم ٹیکس آرڈیننس، ۲۰۰۱ء میں ترمیم کا حصول ہے۔

ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ

وزیر برائے خزانہ و محاصل